بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jama'at
INTERNATIONAL
(INDIA)
A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860

PRESS RELEASE

تاریخ: مورخہ 15 نومبر 2015ء

امام جماعت احمدیہ عالمگیر نے پیرس میں ہونے والے حملے کی مذمت کی اور متاثرین کے لئے دعائیں کیں

امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت اقدس مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے گذشتہ دن پیرس میں ہونے والے دہشت گردانہ حملہ کی مذمت کی۔

لندن سے بات کرتے ہوئے حضرت اقدس مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا کہ:

''احمدیہ مسلم جماعت عالمگیر کی جانب سے میں دل کی گہرائیوں سے پیرس میں ہونے والے سفاکانہ دہشت گردانہ حملہ پر فرانس کے لوگوں اور اس کی حکومت سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتا ہوں اور اس ظالمانہ حملے کی شدت کے ساتھ مذمت کرتا ہوں۔

میں دوبارہ اس بات کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہر قسم کی دہشت گردی اور تشدد اسلام کی حقیقی تعلیمات کے بالکل برعکس ہیں۔ قرآن مجید نے کہا ہے کہ کسی ایک معصوم جان کو قتل کرنا گویا تمام انسانیت کا قتل کرنا ہے۔ اس لحاظ سے اس طرح کی سفاکانہ کاروائی کو کسی بھی طرح سے جائز نہیں ٹھہرایا جاسکتا ہے اور جو اس قسم کی گھنونی حرکتوں کو اسلام کی طرف منسوب کرتے ہیں وہ محض اسلام کو بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ہم اس حادثہ کے متاثرین اور ان کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو صبر عطا کرے۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ اس سانحہ کے قصورواروں کو جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔''

END RELEASE

For further details please contact:
Incharge Press & Media, Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988, Email: pressamjindia@gmail.com,
Tel: +91-1872-500311, Fax: +91-1872-500178
Noorul Islam Toll Free Number: 1800-3010-2131